ادارہ

تبصرۂ کتب



خطوط ماجدی | مرتب۔ ڈاکٹر ابو سلمان شاہ جہان پوری۔ صفحات ۲۷۲۔ قیمت ۶۰ روپے
ناشر ادارہ تصنیف و تحقیق پاکستان۔ علی گڑھ کالونی۔ کراچی ۴۱

مولانا عبدالماجد دریا آبادی برصغیر کی عظیم علمی و ادبی شخصیت تھے۔ تفسیر، تاریخ، ادب، فلسفہ اور صحافت کونسا شعبہ ہے جس میں موصوف سباق الغایات نہ ہوں۔ تمام خوبیوں اور کمالات و اوصاف کا احاطہ ناممکن، خطوط ماجدی پیش نظر ہے۔ مولانا دریا آبادی اردو کے عدیم المثال ادیب اور انشا پرداز تھے۔ زبان پر عبور اس کی باریکیوں پہ نظر تھی۔ الفاظ کے جوہر شناس تھے۔ طنز کے بادشاہ تھے۔ ان کی ادبی تحریروں میں بہت بڑا حصہ خطوط کی شکل میں موجود تھا جو انہوں نے اپنی زندگی میں اپنے بزرگوں، چھوٹوں اور ہمعصر ساتھیوں کو لکھے ڈاکٹر ابو سلمان تمام ادبی حلقوں سے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے موصوف کے خطوط کے تیسرے مجموعے کو بہ شاندار طریقہ سے مرتب کیا۔ اور ایک وقیع مقدمہ کے ساتھ طبع فرمایا۔

مولانا دریا آبادی کا خاص اسلوب اور مخصوص طرز تحریر اور خط نویسی کا انوکھا انداز، ادبی حلقوں اور ادبی ذوق رکھنے والے احباب کے لئے ایک گراں قدر تحفہ ہے۔ قیمت اگر موزوں ہوتی تو طالب علم برادری بھی زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکتی۔ (غ ق ح)

اردو کا ادیب اعظم | تصنیف مولانا عبدالماجد دریا آبادی صفحات ۱۴۰۔ قیمت درج نہیں۔
ناشر۔ ادارہ تصنیف و تحقیق ۱۸۰۶۔ کراچی ۳۳

ڈاکٹر ابو سلمان صاحب نے مولانا دریا آبادی کی ان تمام تحریروں کو جو انہوں نے اپنی کسی تصنیف، مکتوب یا صدق جدید میں مولانا ابوالکلام آزاد کے متعلق لکھے تھے یک جا جمع کر کے اردو کے ادیب اعظم کے عنوان سے شائع کر دیا ہے۔ تحریر کا معیار اور ادبی لطافتوں کے لئے مولانا دریا آبادی کا نام ضمانت ہے۔ مضامین کی بلندی اور مفہومات اور معانی کی اہمیت کے لئے مولانا ابوالکلام بحیثیت عنوان بذات خود جاذب نظر اور دعوت مطالعہ ہے